لیے کرائے پر اونٹ لینے کا ذکر موجود ہے۔

۷: ابن سعد کے لشکر سے خطاب سیدنا حسین رضی اللہ عنہ نے اونٹنی پر بیٹھ کر ارشاد فرمایا تھا۔

۸: عین لڑائی کے وقت بھی عقبہ بن سمعان نے اونٹنی کا پاؤں رسی سے باندھا۔

۹: طبری کی روایت کے مطابق میدان کربلاء میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے پاس اونٹنی ہی تھی۔

۱۰: آپ کی شہادت کے بعد آپ کا لباس پائجامہ تلوار نعلین چھینے گئے تو زعفران پوشاک اور اونٹ بھی چھینے گئے۔

۱۱: حضرت سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور محمد باقر رضی اللہ عنہ کی روایت سے ثابت ہے بلکہ خود سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی اپنی روایت سے ثابت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ صفین سے واپسی پر مقام کربلا میں آئے تو فرمایا یہ کربلا ہے یہ جگہ ہمارے اونٹوں کے بٹھانے کی جگہ ہے اور یہ ہمارے کجاوے رکھنے کی جگہ ہے۔ اور ہمارے مردوں کے شہادت گاہ اور ہمارے خون گرنے کی جگہ ہے اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ یہاں دو سو نبی اور اولادِ پیغمبر شہید ہوئے ہیں۔

۱۲: مکہ سے کربلا تک کل ۳۱ منزلیں تھیں جس کا کل فاصلہ ۸۰۰ سو عربی میل بنتا ہے اتنا لمبا سفر گھوروں پر نہیں اونٹوں پر ہی طے کیا جاسکتا ہے۔ اور پھر جبکہ بچے اور عورتیں بھی ساتھ موجود ہوں۔

مسافرانِ آخرت

● ملتان میں ہمارے معاون جناب عبدالواحد قریشی (سبحان اللہ نان قلچہ، کینٹ بازار) کے والدِ گرامی جناب محمد مرسلین قریشی، انتقال ۲۵ اگست ● چیچہ وطنی میں ہمارے قدیم معاون اور عبداللطیف خالد چیمہ کے دوست جناب سردار محمد نسیم ڈوگر کی والدہ ماجدہ ۵رستمبر کو انتقال کرگئیں۔ ● احمد پور شرقیہ سے ہمارے کرم فرما اور عزیز دوست جناب سید محمد ارشد بخاری ایڈووکیٹ کے بھانجے انتقال کر گئے ● مجلسِ احرارِ اسلام کے باوفا کارکن، بستی اسلام آباد رحیم یار خان کے مولانا عبد الخالق، انتقال ۸رستمبر ● جماعۃ الدعوۃ پاکستان کے مرکزی رہنما جناب قاری محمد یعقوب شیخ کی ہمشیرہ صاحبہ ۱۷رستمبر کو انتقال کرگئیں مجلس احرار اسلام کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور قاری محمد یوسف احرار نے تعزیت کا اظہار کیا ہے، قاری محمد یوسف احرار نے مرکز القادسیہ جاکے قاری محمد یعقوب شیخ سے تعزیت کی ● چیچہ وطنی میں مولانا محمد شہباز حسین کی والدہ ماجدہ ۱۱رستمبر جمعۃ المبارک کو انتقال کرگئیں ● چیچہ وطنی میں ہمارے معاون محمد اسلم کے والدِ گرامی محمد اسماعیل گزشتہ دنوں انتقال کرگئے ● چیچہ وطنی (چک نمبر 22/11L) کے قدیم ذمہ دار کارکن مولانا شاہد محمود احمد کی نومولود بیٹی گزشتہ دنوں انتقال کرگئی۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)